# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ قرآن و تفسیر)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام: منتخب تفاسیر کے مقدمات کا مطالعہ (1964)** **سمسٹر: بہار، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر1

### (یونٹ نمبر1-5)

سوال نمبر 1۔ الجامع البیان عن تاویل آیہ القرآن کے مقدمہ کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ الجامع لاحکام القرآن المعروف تفسیر قرطبی کا تعارف و خصوصیات اور منہج واسلوب لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قرآن مجید کا تعارف کرواتے ہوئے حفاظت قرآن اور جمع تدوین قرآن پر مفصل بحث تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تفسیر کا معنی و مفہوم اور اقسام تحریر کرتے ہوئے تفسیر بالرائے کی شرعی حیثیت لکھیے نیز تفسیر قرآن میں اسرائیلی روایات کی حیثیت کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ علامہ ابو محمد عبدالحق حقانی اور ان کی تفسیر کا تعارف تحریر کیجئے۔ (20)

کل نمبر:100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر2

### (یونٹ نمبر6-9)

سوال نمبر 1۔ تفسیر حقانی کا تعارف کرواتے ہوئے رسولؐ کے اخلاق و شمائل پر جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مولانا امین احسن اصلاحی کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کے نظریہ قرآن کے مفہوم و نظم قرآن کی اہمیت و قدر و قیمت پر سیر حاصل بحث تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اعجاز القرآن سے کیا مراد ہے؟ نیز قرآن مجید کے اعجاز پر سیر حاصل بحث تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حافظ عماد الدین ابن کثیر کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے تفسیر ابن کثیر کے مقدمہ کا خلاصہ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ پیر محمد کرم شاہ الازہری اور ان کی تفسیر ضیاالقرآن کا تعارف و خصوصیات لکھیے۔ (20)